علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

سطح: انٹرمیڈیٹ	سمسٹر: خزاں 2009ء
پرچہ: اُردو (302)	کل نمبر: 100
وقت: تین گھنٹے	کامیابی کے نمبر: 40

<table>
<tr><th>سوال نمبر</th><th>سوالات</th><th>نمبرز</th></tr>
<tr><td>سوال نمبر۔1</td><td>متن کے حوالے سے دو اقتباسات کی تشریح کریں:
(الف) جب وہ اپنے کام سے فارغ ہوا تو صبح کی نماز کا وقت ہو رہا تھا۔ نماز کے بعد وہ اپنے مضمون پر نظر ثانی کرنے کے لیے کرسی پر آ بیٹھا۔ رات کی بے آرامی کے باعث اس کا سر چکرا رہا تھا۔ تھوڑی دیر سستانے کی نیت سے اس نے میز پر اپنی کہنیاں ٹیک دیں۔
(ب) پہلے یوں ہی مشہور تھا کہ فلاں بادشاہ کے راج میں شیر اور بکری ایک گھاٹ پر پانی پیتے تھے۔ لیکن ہمارے راج میں ایسے کئی گھاٹ موجود ہیں جہاں شیر اور بکریاں اکٹھے پانی پیتے ہیں اور اس کو حلقہ امکان میں لانے کے لیے مابدولت کو تمام شیروں کے دانت نکلوانے اور تمام بکریوں کے سینگ کٹوانے پڑے۔
(ج) کرزن دربار کی ہندوستان میں بہت دھوم ہوئی۔ لارڈ کرزن خوشی میں پھولے نہ سماتے تھے۔ انہوں نے بادشاہ کو مطلع کیا کہ سیاسی اعتبار سے ہندوستانی لوگ ابھی جھولے میں انگوٹھا چوس رہے ہیں۔ ان کے ساتھ اس سے بڑی زیادتی اور کوئی نہیں ہو سکتی کہ انہیں سیاسی طور پر بالغ سمجھ لیا جائے۔</td><td>(20)</td></tr>
<tr><td>سوال نمبر۔2</td><td>کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں:
۱۔ جلی مٹی کی خوشبو   ۲۔ عظمت گہوارے میں</td><td>(20)</td></tr>
<tr><td>سوال نمبر۔3</td><td>کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیں:
۱۔ صحرا کی دعا   ۲۔ ہیر رانجھا</td><td>(20)</td></tr>
<tr><td>سوال نمبر۔4</td><td>کوئی سے دو اجزاء کی تشریح کریں:
(الف)
سخت کرجی کیونکہ یکباری کریں ہم ترک شہر   ان گلی کوچوں میں ہم نے کھائے ہیں پتھر بہت
ہم نفس کیا مجھ کو تو رویا کرے ہے روز و شب   رہ گئے ہیں مجھ سے کوئے یار میں مر کر بہت
کیا سبب ہے اب مکاں پر جو کوئی پاتا نہیں   میر صاحب آگے تو رہتے تھے اپنے گھر بہت
(ب)
دل ہی تو ہے نہ سنگ و خشت درد سے بھر نہ آئے کیوں   روئیں گے ہم ہزار بار کوئی ہمیں رُلائے کیوں
دیر نہیں، حرم نہیں، در نہیں، آستاں نہیں   بیٹھے ہیں رہگزر پہ ہم، غیر ہمیں اُٹھائے کیوں
قید حیات و بند غم اصل میں دونوں ایک ہیں   موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں
(ج)
مس خام کو جس نے کندن بنایا   کھرا اور کھوٹا الگ کر دکھایا
عرب جس پہ قرنوں سے تھا جہل چھایا   پلٹ دی بس اک آن میں اس کی کایا
رہا ڈر نہ بیڑے کو موج بلا کا   ادھر سے ادھر پھر گیا رخ ہوا کا</td><td>(20)</td></tr>
<tr><td>سوال نمبر۔5</td><td>کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں:
۱۔ فاصلاتی نظام تعلیم کی اہمیت
۲۔ اردو بحیثیت قومی زبان
۳۔ اقبال۔ ایک عظیم شاعر</td><td>(20)</td></tr>
</table>

****